باب 4

# مجسمہ سازی (Sculpture Making)

## 4.1 تعارف

مجسمہ سازی بصری آرٹس کی قدیم شاخوں میں سے ایک ہے۔ یہ بصری نمائندگی کی تین جہتی (Three Dimensional) شکل ہے۔ اسے پلاسٹک آرٹ (Plastic Art) بھی کہا جاتا ہے۔ مجسمہ سازی کی عام طور پر جانی جانے والی اشکال پتھر اور لکڑی کے مجسمے ہیں جن میں نقش و نگار تراشے جاتے ہیں۔ اسے ریلیف مجسمہ (Relief Sculpture) اور گول مجسمہ (Round Sculpture) بھی کہا جاتا ہے (مٹی، پتھر، لکڑی، دھات، کاغذ اور دیگر بہت سے مواد کا استعمال کرتے ہوئے بصری آرٹس کی تین جہتی نمائندگی)۔ آج کل مجسمہ سازی کے مواد اور عمل کے انتخاب کی مکمل آزادی ہے لہٰذا اس میں وسیع نوعیت کا طریقہ کار استعمال ہوتا ہے جن میں ویلڈنگ (Welding)، جوائننگ (Joining)، مکسنگ (Mixing)، مولڈنگ (Molding) اور کاسٹنگ (Casting) شامل ہیں۔

عام طور پر مندرجہ ذیل اقسام کے مجسمہ پائے جاتے ہیں:

### 1۔ تین جہتی گول مجسمہ (Three Dimensional Round Sculpture)

یہ کسی بھی مواد میں بنایا جا سکتا ہے مثلاً مٹی، پتھر، دھات، کانسی، تانبا، شیشہ، تار، پلاسٹر، فائبر گلاس وغیرہ۔ گول مجسمے کی مکمل شکل دیکھنے کے لیے اس کے اردگرد چلنا درکار ہوتا ہے۔



شکل 4.1: ایک فائبر گلاس گول مجسمہ، علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ، پاکستان کے قومی شاعر، الحمرا آرٹ کونسل مال روڈ لاہور

Web version of PCTB textbook

## 2۔ ریلیف مجسمہ (Relief Sculpture)

اس قسم کا مجسمہ ہموار سطح پہ تیار کیا جاتا ہے اور اسے صرف سامنے سے دیکھا جا سکتا ہے۔ ریلیف مجسمہ بنانے کے لیے عام طور پر تین طرح کے طریقے استعمال ہوتے ہیں۔

### (i) باس ریلیف (Bas-Relief)

جس میں ڈیزائن کو ہموار پس منظر سے قدرے بلند سطح پر منظم کیا جاتا ہے۔

### (ii) دھنسا ہوا ریلیف (Suken Relief)

اسے انٹیگلیو ریلیف (intaglio relief) بھی کہا جاتا ہے۔ اس عمل میں مصور فلیٹ پس منظر کی سطح کو تراش کر ڈیزائن بناتے ہیں۔ اس ریلیف میں ڈیزائن یا تو تراشے ہوئے حصے میں ظاہر ہوتا ہے یا پس منظر کے اس حصے میں جہاں تراشا نہ گیا ہو۔

### (iii) ہائی ریلیف (High Relief)

اس ریلیف میں ڈیزائن کو نمایاں اور ڈرامائی طور پر ہموار سطح سے اٹھایا جاتا ہے، اور مصور اٹھائے گئے ڈیزائن کے دوسے زیادہ درجے دکھا سکتا ہے۔



شکل 4.2: باس ریلیف، محمد علی جناح (رحمۃ اللہ علیہ) اور ان کی بہن فاطمہ جناح کی تصویریں، کوثر جہاں آرا اور ٹیم، پاکستان کی قومی یادگار راولپنڈی

Web version of PCTB textbook



شکل 4.3: ہائی ریلیف، Schist مجسمہ، شراب کی کھپت اور Corinthian کالم، گندھارا پاکستان

زمانہ قدیم سے مجسمے کا سب سے عام مقصد مذہبی رہا ہے۔ قدیم نیولیتھک (Neolithic) مجسمے جیسے وینس آف ولنڈورف (Venus of Willendorf)، مصری ریلیف اور گول مجسمے، میسوپوٹیمیا اور سمیرین مجسمے، وادی سندھ کی مہریں اور ٹیراکوٹا کے مجسمے، ہندو مجسمے، بدھ مجسمے اور جین مجسمے ایسی مثالیں ہیں جو زیادہ تر مذاہب سے وابستہ ہیں۔ جدید دور میں اس فن کے کئی مقاصد ہیں۔ یہ مصورانہ اظہار، تعمیراتی سطحوں کی زیبائش اور ماحولیاتی آرٹ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

Web version of PCTB textbook




شکل 4.4: دھنسا ہوا ریلیف، قدیم مصری مجسمہ کی تفصیلات جس میں دریائے نیل کے دیوتا کو دکھایا گیا ہے۔
(ہپی اور ہیروگلیفس)



شکل 4.5: گلگامیش اور ایک شیر، میسوپوٹیمیا کی ثقافت کا ایک مجسمہ

## 4.2 مجسمہ سازی

ابتدائی طور پر طلبہ مٹی اور کاغذ جیسے مواد کا استعمال کرتے ہوئے تین جہتی (Three Dimensional) بنیادی شکلیں بنانے پر توجہ دیں گے۔ طلبہ مٹی اور کاغذ دونوں میں بنیادی شکلوں کے ساتھ آسان تین جہتی کمپوزیشن بنانا سیکھیں گے۔ اس مشق کے لیے نیچے دی گئی تصویر میں تین جہتی شکلوں کا مشاہدہ کرنا ہوگا۔



شکل 4.6: تین جہتی شکلیں

### مجسمہ سازی کی مشق نمبر 1

### مکعب/کیوبز (Cubes) بنانے کی مشق

اس مشق کے لیے درج ذیل سامان کی ضرورت ہوگی۔

1۔ کوروگیٹڈ شیٹ (Corrugated Sheet) یا ماؤنٹ بورڈ (Mount Board)
2۔ پیپر کٹر یا قینچی
3۔ گلو (Adhesive Liquid) یا UHU ٹیوب
4۔ پنسل اور پیمانہ



شکل 4.7: کوروگیٹڈ شیٹ (Corrugated Sheet)



شکل 4.8: ماؤنٹ بورڈ (Mount Board)

Web version of PCTB textbook

1۔ پنسل کے ساتھ کوروگیٹڈ شیٹ(Corrugated Sheet) کے ٹکڑے پر چھے برابر مربعے بنائیں۔



2۔ پیپر کٹر یا قینچی کی مدد سے منفی حصے کو کاٹیں اور شیٹ کو آسانی سے فولڈ کرنے کے لیے لائنوں پر پنسل کی مدد سے دباؤ ڈال کر نشان لگائیں۔تصویر کا مشاہدہ کریں۔



Web version of PCTB textbook

3۔ گلو(Adhesive Liquid) یاUHU ٹیوب کے ساتھ کناروں کو جوڑ کر کیوبز بنائیں۔ مختلف سائز کے تین سے زیادہ کیوبز بنانے کی کوشش کریں۔



4۔ مثالوں کا مشاہدہ کرتے ہوئے اپنے کیوبز کو کاغذی مجسمے کی تین جہتی کمپوزیشن میں ترتیب دیں۔ طلبہ اس مجسمے کو حتمی شکل دینے کے لیے رنگ بھی لگا سکتے ہیں۔



Web version of PCTB textbook



5۔ طلبہ مزید ٹیکسچرز، مختلف اشکال اور مواد (جیسے مٹی، پیپر میشے Paper Machè وغیرہ) کے ساتھ تین جہتی کمپوزیشنز بنا سکتے ہیں۔



**شکل 4.9:** مختلف اشکال کے ساتھ مجسمہ بنانے کی مثال

Web version of PCTB textbook

# مجسمہ سازی کی مشق نمبر 2

## مٹی سے تین جہتی (3D) پنسل جار بنانا (سلنڈر کی مشق)

**سامان:**

1- ماڈلنگ یا ریفائینڈ ٹیرا کوٹا کا ایک بیگ 2- لکڑی کا بیلن 3- رولر پن 4- اسکالر پیپر شیٹ

5- پیپر کٹر 6- ریت کی چھوٹی تھیلی

7- ایمبوس پیٹرن (emboss pattern) والی ایک ٹائل یا کوئی بھی ایسی سطح جس پر اُبھرتے ہوئے نشانات یا ڈیزائن ہوں۔

8- پیپر کور ٹیوب یا پلاسٹک سینیٹری پائپ 9- ایک چھوٹا برتن جس میں مٹی اور پانی کا پتلا مرکب ہو۔ 10- چھوٹا برش

11- ریلیف مجسمہ بنانے کے لیے استعمال ہونے والی بیورن سوئی (Burin Needle) 12- ورکنگ ٹیبل (Working Table)



1- مٹی کا ایک بڑا گولا لیں اور اسے دبا کر اور فولڈ کر کے ہوا کے بلبلے ختم کریں تاکہ اسے ہموار کیا جا سکے۔

Web version of PCTB textbook



2۔ لکڑی کے بیلن کا استعمال کرتے ہوئے سلیب بنائیں۔



3۔ کاغذ کی شیٹ کو مطلوبہ سائز کے مطابق کاٹیں اور پھر اس کاغذ کے مطابق مٹی کے سلیب کو پیپر کٹر یا چاقو سے کاٹیں۔

Web version of PCTB textbook



4۔ مٹی کے اس سلیب کو ٹیکسچر والی سطح پر رکھیں۔



5۔ مٹی کے سلیب کی سطح کو ایک ریت کی تھیلی کے ساتھ تھوڑا سا دبائیں۔

Web version of PCTB textbook



6۔ بہتر نتائج حاصل کرنے کے لیے رولر پن کی مدد سے سلیب کو ہلکا سا دبائیں۔



7۔ اب مٹی کے سلیب کو ٹیکسچر والی سطح سے احتیاط سے ہٹا دیں۔ مشاہدہ کریں کہ اس طریقے کے ذریعے سے مٹی کے سلیب پر کتنی نفاست سے نقش بن جاتا ہے۔

Web version of PCTB textbook



8۔ کاغذ کی کور ٹیوب یا پلاسٹک سینیٹری پائپ کا ایک ٹکڑا لیں اور اس کے اوپر کاغذ لپیٹ دیں۔



9۔ کاغذ سے لپٹی ہوئی ٹیوب یا پائپ کے گرد ٹیکسچر والی مٹی کے سلیب کو رول کریں۔

Web version of PCTB textbook



10- اسے ورکنگ ٹیبل کے اوپر سطح پر احتیاط سے کھڑا کریں۔



11- مٹی کے سلیب کے جوڑنے والے حصوں کے اندر والی سطح کو تھوڑا تھوڑا تراشیں۔ ایسا کرنے سے مضبوط جوڑ لگانے میں مدد ملے گی۔

Web version of PCTB textbook



12۔ مٹی اور پانی کے پتلے مکسچر کو نرم برش کی مدد سے سلیب کے تراشے ہوئے کنارے پر لگائیں تا کہ اسے ٹھیک سے جوڑا جا سکے۔



13۔ جوڑنے کے لیے انگلیوں کی مدد سے ہلکا سا دباؤ ڈالیں تا کہ جوڑ کی مضبوط فکسنگ کو یقینی بنایا جا سکے اور ڈیزائن پیٹرن خراب نہ ہو۔ پھر اسے چند سیکنڈ کے لیے چھوڑ دیں۔

Web version of PCTB textbook



14۔ جب آپ اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ جوائنٹ صفائی اور کامیابی سے جڑ گیا ہے تو اندرونی پیپر کور ٹیوب یا پلاسٹک پائپ کو ہٹا دیں۔

Web version of PCTB textbook



15۔ جب تک کہ یہ گیلا اور لچکدار رہے آپ اسے گول سلنڈر کی شکل میں بھی رکھ سکتے ہیں یا اسے تصویر کے مطابق مربع شکل دے سکتے ہیں۔



16۔ سلنڈر کے نیچے کی بیس (Base) بنانے کے لیے ایک اور چھوٹا سلیب تیار کریں اور اس پر سلنڈر رکھ دیں۔ تصویر کے مطابق برن سوئی کی مدد سے بیس پہ نشان لگائیں۔



17۔ سلنڈر کو اپنے ہاتھ میں پکڑیں اور مٹی اور پانی کا پتلا مکسچر برش کی مدد سے نیچے والے حصے پر لگائیں۔ اور بیس سلیب پر نشان لگائیں تاکہ یہ ٹھیک طرح سے جوڑا جا سکے۔

Web version of PCTB textbook




18۔ پھر اضافی بیس سلیب کاٹ دیں۔

Web version of PCTB textbook



19۔ برن سوئی اور گیلے سپنج کی مدد سے اسے مزید نفیس بنائیں۔



20۔ مٹی کی ایک چھوٹی گول کوائل (Coil) بنائیں اور اس کو دو برابر ٹکڑوں میں کاٹ لیں۔ برتن کے لیے ہینڈل بنائیں اور مٹی اور پانی کے پتلے مکسچر کی مدد سے اسے جوڑ لیں۔



21۔ اسے مکمل طور پر خشک ہونے دیں اور پھر برتن کو بھٹے میں پکانے کے لیے بھیجا جا سکتا ہے تا کہ یہ مضبوط اور پائیدار بن سکے۔

Web version of PCTB textbook

# مجسمہ سازی کی مشق نمبر 3

## ریلیف مجسمہ بنانے کی مشق

### ریت پر پاؤں کے نشانوں کا مجسمہ (Sand Cast Relief)

یہ طریقہ ریت کی سطح پر کوئی نقش لے کے ریلیف شکل بنانے کا براہ راست طریقہ ہے۔ طلبہ اس تکنیک کو مختلف اشیا یا ہاتھ کے نقوش لینے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

**سامان:**

1۔ ایک پرانی شیٹ یا پلاسٹک کا دسترخوان (آپ کے کام کی سطح کی حفاظت کے لیے)

2۔ ایک فوٹو فریم جس کا سائز آپ کے مطلوبہ پرنٹس کے مطابق ہو۔ (ایک پرنٹ کے لیے ایک چھوٹا فریم بھی کافی ہے)

3۔ ریت

4۔ پلاسٹر آف پیرس 1 کلو بیگ

5۔ پلاسٹر بنانے کے لیے پانی

6۔ ریت کو ہموار کرنے کے لیے گتا

7۔ سیل کرنے والا سپرے (Spray on Sealer)

8۔ گلو گن (Glue Gun)

9۔ آرائش کے لیے سمندری سیپیاں



**طریقہ:**

1۔ اپنی پسند اور سائز کا ایک فوٹو فریم لیں جو آپ کے مطلوبہ سائز اور قدموں کے نقوش کے مطابق مناسب ہو۔ یہ ایک انچ یا اس سے زیادہ گہرا ہونا چاہیے۔ اسے خالی کر لیں اور فریم کے سائز کے مطابق گتا کاٹ لیں۔

Web version of PCTB textbook





Web version of PCTB textbook

2۔ پھر فریم کے اگلے حصے کے اوپر گتے کا ٹکڑا رکھیں جسے آپ نے اس کے سائز کے مطابق تیار کیا ہے اور اسے اس کی پشت کی طرف موڑ دیں۔ آپ کو کام کرنے کے لیے گہری سطح مل جائے گی۔



3۔ اب اس میں ریت ڈالیں اور گتے کے ٹکڑے کی مدد سے سطح کو برابر کریں۔

Web version of PCTB textbook



4۔ ریت کی سطح پر پاؤں کے نقوش لیں اور اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ آپ نفاست کے ساتھ نقوش کے گہرے نشانات بنائیں۔



5۔ آپ ایک، دو یا زیادہ نشانات لے سکتے ہیں۔



6۔ اب پلاسٹر کو پانی میں ملانے کے لیے ایک برتن لیں۔ پلاسٹر کو تقریباً اس کی دوگنی مقدار پانی میں ملا دیں۔

Web version of PCTB textbook



7۔ تیار شدہ پلاسٹر کو لیے گئے نقوش پر احتیاط سے ڈالیں اور آہستہ آہستہ نقوش اور کناروں کو ڈھانپیں۔





Web version of PCTB textbook



8۔ کناروں کو ڈھانپیں اور گتے کے ٹکڑے کی مدد سے پلاسٹر کی سطح کو برابر کریں۔



9۔ اس کو اسی جگہ پر تقریباً ایک گھنٹہ کے لیے چھوڑ دیں تاکہ یہ اتنا مضبوط ہو کہ سامنے کی طرف موڑا جا سکے۔

Web version of PCTB textbook

10۔ فریم کو سامنے کی طرف موڑیں۔ آپ فریم کے اندر پلاسٹر کی ریلیف شکل میں پاؤں کے نقوش دیکھ سکتے ہیں۔ اسے دھوپ میں مکمل طور پر خشک ہونے دیں اور اسے سمندری سیپیوں سے سجا دیں۔


Web version of PCTB textbook

11۔ یہ ریلیف دیوار پر لٹکایا جا سکتا ہے۔

# مجسمہ سازی کی مشق نمبر 4

## پرندے کا گول مجسمہ (round sculpture) بنانے کی مشق

طلبہ اس مشق کے لیے اپنی پسند کے پرندے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ یہاں طوطے کا مجسمہ تیار کرنے کی مشق دی گئی ہے۔

**سامان:**

1۔ ٹیرا کوٹا مٹی کا ایک بیگ　　2۔ مجسمہ سازی کے اوزار　　3۔ پانی اور سپرے کی بوتل








Web version of PCTB textbook

**طریقہ:**

1۔ مٹی کے دو ٹکڑے لیں۔ ایک چھوٹا ٹکڑا بیس (base) بنانے کے لیے اور ایک بڑا ٹکڑا پرندے (طوطے) کا جسم بنانے کے لیے۔



2۔ پرندے اور اس کی بیس (base) کی شکل کا مشاہدہ کریں۔





3۔ اپنے مجسمہ سازی کے اوزاروں میں سے تار والے برش کی مدد سے اس پر کچھ کھردری لائنیں تراشیں۔ مٹی کا ایک اور چھوٹا ٹکڑا لیں، اسے گول شکل دیں اور اسے بیس کی کھردری سطح پر جوڑیں، اور تار برش سے کھردرے نشان بھی بنائیں۔ اس چھوٹے ٹکڑے کو پرندے کے پاؤں بنانے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

4۔ بیس کے ٹکڑے پر پرندے کا جسم جوڑیں اور درمیانی چھوٹے ٹکڑے کا مشاہدہ کریں۔



Web version of PCTB textbook



Web version of PCTB textbook

5۔ سر کی بناوٹ کا مرحلہ وار مشاہدہ کریں۔ سامنے والے حصے کو پرندے کی چونچ کی شکل کے مطابق ڈھالیں، چونچ کے اوپری اور نچلے حصے کو مٹی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں سے بنائیں۔ مٹی کے چپٹے ٹکڑے سے پیشانی کے پروں کو بھی تیار کریں۔







Web version of PCTB textbook

6۔ سر کی شکل بنانے کے لیے تصویروں کا مشاہدہ کریں اور اپنے ہاتھوں اور انگلیوں کی مدد سے مٹی کو نرمی سے ڈھالیں۔








7۔ اب اوزاروں کی مدد سے پرندے کے پنجوں کو تراشیں۔ سامنے، بائیں اور دائیں طرف مٹی کے دو چھوٹے ٹکڑوں کو بیجوں کی شکل میں ڈھالیں۔

Web version of PCTB textbook



8۔ اب پنکھ بنائیں۔ مٹی کے دو برابر ٹکڑے لیں اور پنکھ کی شکل بنائیں۔





9۔ پرندے کے جسم کی پشت پر، دائیں اور بائیں دونوں طرف پنکھ جوڑیں۔

Web version of PCTB textbook



10۔ دونوں پنکھ پرندے کی پشت پر ایک دوسرے کے ساتھ احتیاط سے جوڑیں۔



11۔ پرندے کی ساخت کو دیکھتے ہوئے اپنی ہتھیلیوں اور انگلیوں کی مدد سے پنکھ یعنی پر سیٹ کریں۔

Web version of PCTB textbook



12۔ مجسمے کی سطح کو اسپرے بوتل کے ذریعے سے پانی کی مدد سے گیلا رکھیں تاکہ آپ آسانی سے اس پر پروں کی تفصیلات بنا سکیں۔



13۔ چھوٹے پروں کی تفصیلات کے لیے مٹی کی بہت سی چھوٹی گولیاں بنائیں اور انھیں پانی کے اسپرے شاور سے نم رکھیں۔

Web version of PCTB textbook


Web version of PCTB textbook

14۔ اب پرندے کے پورے جسم پر کھردری لکیریں تراشیں تاکہ اس پر تفصیلات شامل کی جا سکیں۔



15- پرندے کے دونوں پنکھ اور پشت پر چھوٹے پروں کو بنانے کے لیے تصویر میں دکھائے گئے مراحل کا مشاہدہ کریں۔

Web version of PCTB textbook



16۔ اب مجسمے کو سامنے کی طرف موڑ دیں اور اسی انداز میں کام کریں جیسا کہ آپ نے اس کی پشت پر کیا ہے۔



17۔ نچلی طرف سے ڈھالنا شروع کریں اور ٹانگوں کے پروں کو تشکیل دیں۔

Web version of PCTB textbook





Web version of PCTB textbook

18۔ دی گئی تصویروں کے مطابق پرندے کے اگلے حصے کو پیچھے کی طرف سے پروں سے ڈھانپیں۔





Web version of PCTB textbook

19۔ اب چہرے اور سر کے حصے یہ کام کریں گے۔اس کے چہرے اور ماتھے کی جگہ پر چھوٹے چھوٹے نازک پروں کو بنانے کے لیے مٹی کے باریک اور چھوٹے ٹکڑوں کا استعمال کریں۔





20۔ پروں کی تفصیل بنانے کے لیے تصویر کا مشاہدہ کریں۔

Web version of PCTB textbook


Web version of PCTB textbook

21۔ پروں کو بنانے کے بعد مٹی کے دو ایک جیسے چھوٹے ٹکڑوں کی گولیاں بنالیں اور انھیں سر کے دونوں اطراف تصویر کے مطابق آنکھیں بنانے کے لیے استعمال کریں۔





Web version of PCTB textbook

22۔ اب باریک اوزار کی مدد سے پروں کی تفصیل میں اس طرح اضافہ کریں کہ پروں کے درمیان چھوٹی چھوٹی لکیریں بناتے جائیں۔ اس طرح آپ مجسمے کو زیادہ پُرکشش اور حقیقت کے قریب تر دِکھا پائیں گے۔



23۔ آخر میں نیچے بیس کے حصے کی تفصیل میں اضافہ کریں۔طلبہ نیچے کے اس حصے میں اپنا نام یا دستخط کندہ کر سکتے ہیں۔